درود تاج

کی مدد سے

مشکلات سے نجات



افادات

سید عبدالرحمٰن شاہ گیلانی

اولیاء کرام کی مدد سے

مشکلات سے نجات



از افادات

پیر سید عبدالرحمٰن شاہ گیلانی

Kashif

جملہ حقوق محفوظ

2000ء

محمد عظیم بٹ نے
گنج شکر پرنٹرز سے چھپوا کر
الکریم مارکیٹ اردو بازار لاہور
سے شائع کی
قیمت -/30

فہرست

نمبر شمار	عنوان	صفحہ نمبر	نمبر شمار	عنوان	صفحہ نمبر
1	فضائل درود پاک	8	4	ناگہانی مشکل سے نجات	58
2	درود پاک پڑھنے کے خاص مواقع	39	5	حصول عزت و مرتبہ	59
3	مقامات درود و سلام النبیؐ	41	6	رزق میں زیادتی کیلئے	60
4	مقامات و اوقات ممنوعہ	48	7	برائے حاجت	60
5	اعمال		8	بری عادت سے چھٹکارا	65
1	برائے نیک اعمال	50	9	باطنی صفائی	66
2	پسندیدہ جگہ پر نکاح	54	10	کلی حاجات کے لئے	67
3	مشکل حاجت کے لئے	54	11	بے خوابی دور کرنا	69
			12	درد بدن کے لئے	71

13	ادائیگی قرض	72	28	حل المشکلات	131
14	سواری کی حفاظت	76	29	چشم خلائق میں مقبولیت	132
15	حاجت روائی کے لئے	78	30	دشمنی ختم کرانا	135
16	جنت میں گھر ملنا	79	31	آنکھوں کے امراض	
17	حصول مقصد	82		سے شفاء	139
18	دشمن سے حفاظت	85	32	عمل برائے حب	140
19	غربت وافلاس کا علاج	87	33	دینی و دنیاوی حاجت	
20	شیطان سے بچنا	91		کے لئے	141
21	تنگ دستی ختم کرنے کیلئے	95	34	کامیابی کے لئے	145
22	کالی کھانسی سے شفاء	96	35	قید سے رہائی	146
23	مظلوم کی مدد	100	36	مقدمہ میں کامیابی	151
24	فراخی رزق کے لئے	105	37	خوف سے نجات	152
25	امن وامان کے لئے	108	38	حصول بلند مرتبہ	154
26	برائے تبادلہ	127	39	صلوٰۃ شفا	158
27	تپ لرزہ کا علاج	130	40	کاروبار میں ترقی	158

درود پاک ماہی

درود پاک ماہی

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان اور نہایت رحم کرنے والا ہے

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ

اے درود بھیج محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر اور

عَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ خَیۡرِ الۡخَلَائِقِ

ان کی آل پر جو مخلوق میں سب سے بہتر ہیں

وَاَفۡضَلِ الۡبَشَرِ وَشَفِیۡعِ الۡاُمَمِ

اور افضل ہیں بشر ہیں اور یوم حشر و نشر میں اُمت

یَوۡمَ الۡحَشۡرِ وَالنَّشۡرِ وَصَلِّ

کے شفیع ہیں اور سیدنا محمد صلی اللہ علیہ

عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی

وسلم پر محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی آل پر

اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ م بِعَدَدِ کُلِّ

معلوم اعداد کی حد تک درود بھیج

مَعْلُوْمٍ لَّکَ وَصَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ

محمد	صلی	اللہ	علیہ	وسلم	اور	ان

وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ وَّبَارِکْ وَسَلِّمْ

کی	آل	پر	درود	اور	برکت

وَصَلِّ عَلٰی جَمِیْعِ الْاَنْبِیَآءِ

اور	سلامتی	ہو	تمام	انبیاء

وَالْمُرْسَلِیْنَ وَصَلِّ عَلٰی کُلِّ

اور	رسولوں	پر	دورد	بھیج	اور	تمام

الْمَلٰٓئِکَةِ الْمُقَرَّبِیْنَ وَعَلٰی

مقرب	ملائکہ	اور	صالح	بندوں	پر

عِبَادِ اللّٰهِ الصَّالِحِیْنَ وَسَلِّمْ

زیادہ	سے	زیادہ	درود	اور	سلام

تَسْلِیْمًا کَثِیْرًا کَثِیْرًا ط

بھیج	ساتھ	اپنی	رحمت

بِرَحْمَتِکَ وَبِفَضْلِکَ وَ

اور	اپنے	فضل	اور

بِکَرَمِکَ یَآ اَکْرَمَ الْاَکْرَمِیْنَ

اپنے	کرم	کے	اے	سب	سے	زیادہ	کرم

بِرَحْمَتِکَ یَآ اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ ط

کرنے والے اے سب سے زیادہ رحم کرنے والے ساتھ اپنی رحمت کے

یَا قَدِیْمُ یَا دَآئِمُ یَا حَیُّ

اے	قدیم	اے	ہمیشہ	رہنے	والے	اے	زندہ

یَا قَیُّوْمُ یَا وِتْرُ یَا اَحَدُ

اے	قائم	اے	وتر	اے	احد

یَا صَمَدُ یَا مَنْ لَّمْ یَلِدْ

اے بے نیاز جسے کسی نے جنا نہیں

وَلَمْ یُوْلَدْ وَلَمْ یَکُنْ لَّهٗ

اور نہ وہ کسی سے جنا گیا اور نہیں اس کے جوڑ کا

کُفُوًا اَحَدٌ ج بِرَحْمَتِکَ یَآ اَرْحَمَ

کوئی وہ اکیلا ہے ساتھ اپنی رحمت کے اے رحم

الرَّاحِمِیْنَ ط

کرنے والے رحم کے

فضائل درود شریف

درود شریف کیا ہے؟

نشاطِ روح ہے، نغمہ جان فزا ہے، صبح خنداں ہے، نوید بہاراں ہے، بہار جاوداں ہے، وجدان کا اٹھتا بادل ہے، عشق کا بہتا دھارا ہے، عرفان وآگہی کی اُمدتی برستی گھٹا ہے، مچلتے احساسات کی شیریں جوئے بار ہے۔ محبت کی مترنم ابدی آبشار ہے، دل کی آبیاری درود شریف سے ہوگی تو یہاں بہار خیمہ زن ہوگی، نکہتوں کے گلاب کھل اٹھیں گے، امید کی چاندنی دل کے سونے آنگن میں یوں اتر آئے گی جس طرح جھیلوں اور دریاؤں کی گہرائیوں میں چاند اترتا ہے اور اشک ندامت کے وہ نایاب خزینے آنکھوں میں رچ بس جائیں گے کہ جن کی خریدار خود رحمت ہوتی ہے پھر یہ دنیا بھی اپنی ہے اور وہ دنیا بھی۔

یا رب تو کریمی و رسول ﷺ تو کریم
صد شکر کہ ہستیم میانِ دو کریم

مقام مصطفےٰ ﷺ کیا ہے؟

اس ضمن میں حضرت خواجہ بایزید بسطامی رحمتہ اللہ تعالیٰ علیہ کا ارشاد مبارک نہایت دِل افروز اور ایمان پرور ہے آپ ؒ فرماتے ہیں۔

☆ عام مومنوں کے مقام کی انتہا ولیوں کے مقام کی ابتداء ہے۔
☆ ولیوں کے مقام کی انتہا شہیدوں کے مقام کی ابتداء ہے۔
☆ شہیدوں کے مقام کی انتہا صدیقوں کے مقام کی ابتداء ہے۔
☆ صدیقوں کے مقام کی انتہا نبیوں کے مقام کی ابتداء ہے۔
☆ نبیوں کے مقام کی انتہا رسولوں کے مقام کی ابتداء ہے
☆ رسولوں کے مقام کی انتہا اولوالعزم کے مقام کی ابتداء ہے۔
☆ اولوالعزم کے مقام کی انتہا حبیب خدا محمد مصطفےٰ ﷺ کے مقام کی ابتداء ہے اور حبیب خدا حضرت محمد مصطفےٰ احمد مجتبےٰ ﷺ کے مقام کی انتہا اللہ تعالیٰ جل شانہ کے سوا کوئی جانتا ہی نہیں ہے۔

برائے حمد باری تعالیٰ

اس ذات پاک کے نام سے ابتداء ہے جو ساری دنیا کے لئے رحمان و رحیم ہے اللہ جو بے مثل پیدا کرنے والا، حجابات اٹھانے والا، ہر شکل وصورت سے منزہ ہے اول میں بھی اور ابد میں بھی قائم و دائم الوجود ہے اور عالم علویات وسفلیات میں اپنی حکمت، قدرت و ارادہ سے بلند و

پست کرنے والا ہے اور اس عظیم ذات کے سواء کوئی معبود نہیں ہے وہ ہر شے میں موجود ہے لیکن کوئی بھی اس کو ظاہری آنکھ سے نہیں دیکھتا سکتا جب تک کہ وہ بخوبی سب کو دیکھتا ہے۔

میں حمد بیان کرتا ہوں اس ذات و بزرگ برتر کی جس نے ہر شے کو اپنی مقدار کے ساتھ رکھا وہ ہر شے کو بخوبی جاننے والا ہے چاہے وہ حاضر ہو یا غائب۔

میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی معبود نہیں ہے اور نہ ہی اس کا کوئی شریک ہے اور میں یہ بھی گواہی دیتا ہوں کہ وہی روحوں کو عالم برزخ میں ثابت قدم رکھنے والا ہے اور اس کا علم و قدرت، زندہ و مردہ ہر مخلوق کو محیط ہے اور اسی نے موت اور مقدر کو مقرر کیا ہے اور وہی فنا کر کے پھر زندہ کرنے والا ہے اور وہی ہے جس نے عوارض و تکالیف کو انسانوں پر بطور آزمائش نازل فرمایا ہے اور وہی ہے جو ان عوارض و تکالیف کو اپنی حکمت الٰہیہ کے ساتھ دور فرماتا ہے اور اس نے ہدایت کے ساتھ ساتھ شفاء کے طور طریق بھی بتلائے ہیں۔

میں اس بات کی بھی گواہی دیتا ہوں کہ آپ ﷺ اللہ تعالیٰ کے بندے اور آخری پیغمبر و رسول ہیں اور ملت کے لئے آفتاب و ہدایت ہیں آپ ﷺ سے صبح توحید روشن ہوئی اور تا روز آخر روشن رہے گی اور میں اس بات کی بھی گواہی دیتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ نے کمال مہربانی اور محبت سے اپنے

پیارے حبیب حضرت محمد ﷺ کے مرتبہ اور شان کو اس انداز میں بیان فرمایا ہے کہ جس کی مثال روئے کائنات میں کہیں اور نہیں ملتی۔

ارشاد ربانی ہوتا ہے کہ:۔

''میں اور میرے فرشتے حضور نبی کریم ﷺ پر درود پاک بھیجتے ہیں اس لئے اے ایمان والوں! تم پر بھی لازم ہے کہ حضور ﷺ اور ان کی آل پر درود و سلام بھیجا کرو۔''

درود سلام میں فرق

علامہ ابن حجر رحمتہ اللہ تعالیٰ علیہ سے پوچھا گیا کہ اس کی وجہ کیا ہے کہ صلوٰۃ کی نسبت تو اللہ تعالیٰ اور اس کے فرشتوں کی طرف کر دی گئی اور سلام کی نسبت اُن کی طرف نہیں کی گئی۔ حالانکہ اہل ایمان کو دونوں کا حکم فرمایا گیا ہے تو آپؒ نے فرمایا کہ اس کا جواب یوں دیا جاسکتا ہے کہ سلام کے دو معنی ہیں۔ ایک تحفہ و ہدیہ اور دوسرا اطاعت و انقیاد۔

پس مومنین کو تو ان دونوں کا حکم دیا کہ اُن کی طرف سے یہ دونوں معنی صحیح ہیں لیکن اللہ تعالیٰ اور اس کے فرشتوں کی طرف اطاعت و انقیاد کی نسبت جائز نہیں لہٰذا اس وہم کو ختم کرنے کے لیے اُن کی طرف سلام کی نسبت نہیں فرمائی گئی۔

جو احتمال بن حجر نے ذکر کیا ہے اس کو امام جبیر بن محمد نے ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ سے نقل کیا ہے وہ فرماتے ہیں:۔

سَلِّمُوْا تَسْلِيْمًا

اس کا مطلب ہے کہ حضور ﷺ تم کو جس بات کا حکم دیں اس پر دل وجان سے راضی رہو۔

السخاوی نے کہا کہ سلام کے معنی ہیں اختلاف کیا گیا ہے کچھ نے یہ معنی کیا کہ یا رسول اللہ ﷺ آپ پر وہ سلام ہو جو اللہ تعالیٰ عزوجل کا نام ہے اور تاویل یہ کی آپ خیرات وبرکات سے خالی نہ ہوں اور آپ ہمیشہ ناپسندیدہ باتوں اور آفات سے محفوظ رہیں کیونکہ ایسے امور میں اللہ تعالیٰ کا اسم گرامی اسی توقع پر ذکر کیا جاتا ہے کہ اس میں خیر وبرکت کے تمام معانی جمع ہیں اور خرابی وفساد کے عوارض معدوم ہوتے ہیں یہ بھی احتمال ہے کہ سلام یعنی سلامتی ہو یعنی اللہ تعالیٰ عزوجل آپ کو برائی اور نقائص سے سلامت رکھے پس جب تم کہتے ہو:۔

اَللّٰهُمَّ سَلِّمْ عَلٰى مُحَمَّدٍ

تو اس سے مراد یہ ہوتی ہے کہ الٰہی! حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ کی یہ دعوت زمانہ کے ساتھ ساتھ بلند سے بلند تر ہوتی رہے۔آپ ﷺ کی امت میں اضافہ ہو اور آپ ﷺ کا ذکر وقت گزرنے کے ساتھ ساتھ بلند سے بلند تر ہو۔

فرمایا یہ بھی ہوسکتا ہے کہ سلام بمعنی مسالمہ اور انقیاد ہو۔

فرمان باری تعالیٰ ہے۔

فَلَا وَرَبِّكَ لَا يُؤْمِنُوْنَ حَتّٰى يُحَكِّمُوْكَ فِيْمَا شَجَرَ بَيْنَهُمْ ثُمَّ لَا يَجِدُوْا فِيْٓ اَنْفُسِهِمْ حَرَجًا مِّمَّا قَضَيْتَ وَيُسَلِّمُوْا تَسْلِيْمًا

ترجمہ:۔

تمہارے رب کی قسم یہ مومن نہیں ہو سکتے تاوقتیکہ تم کو اپنے باہمی جھگڑوں میں حاکم نہ مان لیں۔ پھر تمہارے فیصلوں پر دلوں میں کوئی تنگی نہ پائیں اور خوشی خوشی سر تسلیم خم کردیں۔

ان کے معاصر الزہری رحمتہ اللہ تعالیٰ علیہ کہا کرتے تھے کہ درود شریف پڑھتے وقت تَسْلِيْمًا کو بھی زیادہ کر لینا چاہیئے۔

درود شریف نہ پڑھنے والوں کے لئے وعید الٰہی

ایک مرتبہ حضور اقدس ﷺ مسجد نبوی میں خطبہ جمعہ دینے کے لیے تشریف لائے اور ممبر کی پہلی سیڑھی پر قدم رکھا تو اس وقت زبان سے فرمایا ''آمین'' پھر جب دوسری سیڑھی پر قدم رکھا تو اس وقت پھر فرمایا ''آمین'' پھر جس وقت تیسری سیڑھی پر قدم رکھا تو پھر فرمایا ''آمین'' اس کے بعد آپ ﷺ نے خطبہ جمعہ دیا جب آپ ﷺ خطبہ ونماز سے فارغ ہوئے تو صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین نے استفسار کیا ''یا

رسول اللہ ﷺ ! آج آپ ﷺ نے ممبر پر جاتے ہوئے بغیر کسی دُعا کے تین مرتبہ آمین کہا ہے اس کی کیا وجہ ہے؟ حضور اقدس ﷺ نے جواب دیا کہ جس وقت میں ممبر پر چڑھ رہا تھا۔ اس وقت حضرت جبرائیل علیہ السلام میرے سامنے آگئے اور انہوں نے تین دُعائیں کی اور میں نے ان دُعاؤں پر ''آمین'' کہا ہے جو حقیقت میں بدبختوں کے لیے بددعائیں ہیں پھر آپ ﷺ نے فرمایا۔

پہلی دُعا:۔

حضرت جبرائیل علیہ السلام نے یہ کی کہ وہ شخص برباد ہو جائے جو اپنے والدین کو بڑھاپے کی حالت میں پائے اور پھر ان کی خدمت کر کے اپنے گناہوں کی مغفرت نہ کرائے اور جنت حاصل نہ کرے۔

دوسری دُعا:۔

وہ شخص ہلاک ہو جائے جس پر رمضان المبارک کا پورا مہینہ گزر جائے اور اس کے باوجود وہ اپنے گناہوں کی مغفرت نہ کرائے اور جنت حاصل نہ کرے۔

تیسری دُعا:۔

وہ شخص ہلاک و برباد ہو جائے جس کے سامنے میرا نام لیا جائے اور وہ مجھ پر درود پاک نہ بھیجے۔

اول تو حضرت جبرئیل علیہ السلام جیسے مقرب فرشتے کی بددعا ہی

کم کیا تھی اور پھر اس پر حضور اقدس ﷺ نے ''آمین'' کہی۔ اس بات نے اس وعید کو جس قدر سخت بنا دیا اور ظاہر ہے کہ اللہ تعالیٰ اس پر کس قدر سخت پکڑ فرما دیں گے۔

اللہ تعالیٰ عزوجل ہی اپنی رحمت سے ہمیں ان باتوں سے بچنے کی توفیق عطا فرماویں اور ان برائیوں سے محفوظ رکھیں ورنہ روز قیامت ہلاکت میں کیا شے باقی رہ جاتی ہے۔

درود سلام میں پنہاں حکمتیں

حضرت امام غزالی رحمتہ اللہ تعالیٰ علیہ کی کتاب احیاء العلوم کے ایک طویل مقالہ کی شرح میں شارح نے فرمایا کہ حضور رحمت دو عالم ﷺ پر پڑھا جانے والا درود اس لیے بڑھتا ہے کہ درود شریف بجائے خود ایک نیکی بلکہ کئی نیکیوں کا مجموعہ ہے کیونکہ:۔

☆ اس سے پہلے تو اللہ تعالیٰ پر ایمان کی تجدید ہوتی ہے۔
☆ پھر رسول اکرم ﷺ پر ایمان کی تجدید ہوتی ہے۔
☆ پھر آپ ﷺ کی تعظیم کی تجدید ہوئی۔
☆ پھر آپ ﷺ کے لیے عزت و عظمت طلب کرنے سے تجدید عنایت ہوتی ہے۔
☆ پھر یوم قیامت پر ایمان کی تجدید اور کئی قسم کی کرامات۔
☆ پھر اللہ تعالیٰ کے ذکر کی تجدید ہوتی ہے اور نیکیوں کر

ذکر کے وقت رحمت نازل ہوتی ہے۔

☆ پھر آپ ﷺ کے آل پاک کے ذکر کی تجدید ہوتی ہے کیونکہ آل پاک کی نسبت بھی آپ ﷺ ہی کی طرف ہے۔

پھر آل پاک سے اظہار محبت کی تجدید ہوتی ہے جب کہ خود سرور کائنات حبیب کبریا ﷺ نے بجز اس کے کسی چیز کا اپنی امت سے سوال نہیں کیا کہ آپ ﷺ کے اہل قرابت سے محبت کی جائے۔

☆ پھر اس میں دوران دُعا تضرُّع اور عجز و نیاز ہے اور دُعا عبادت کا مغز ہے۔

☆ پھر اس میں تجدید اعتراف ہے کہ تمام اختیار اللہ تعالیٰ کے لیے ہے اور یہ کہ حضور نبی کریم ﷺ بایں ہمہ جلالت قدر و مرتبہ رحمت خداوندی کے محتاج ہیں۔

پس یہ دس نیکیاں ان کے سوا ہیں جن کا شریعت نے ذکر کیا ہے۔ مثلاً یہ ایک نیکی دس کے برابر ہے اور بڑائی ایک کی ایک ہی رہے گی۔

درود پاک قرآن مجید کی روشنی میں

حضور نبی کریم ﷺ پر درود پاک بھیجنے کا حکم اور اس کی فضیلت کے بارے میں قرآن مجید میں اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتا ہے۔

"اِنَّ اللّٰهَ وَمَلٰٓئِكَتَهٗ يُصَلُّوْنَ عَلَى النَّبِيِّ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا صَلُّوْا عَلَيْهِ وَسَلِّمُوْا تَسْلِيْمًا

(پارہ ۲۲، ع ۴)

ترجمہ:۔

"بے شک اللہ تعالیٰ اور اس کے فرشتے اپنے نبی ﷺ پر درود بھیجتے ہیں اے ایمان والو! تم بھی درود و سلام آپ ﷺ پر بھیجا کرو"

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ بیان فرماتے ہیں کہ جب یہ آیت مبارکہ نازل ہوئی تو حضور نبی کریم ﷺ کے چہرہ انور کا رنگ انار کے دانوں کی طرح انتہائی خوشی و مسرت سے کھل گیا اور ارشاد فرمایا:۔

"مجھے مبارکباد پیش کرو کہ آج مجھ پر وہ آیت کریمہ نازل ہوئی ہے جو میرے نزدیک دنیا و مافیہا میں سے ہر چیز سے بہتر ہے۔"

اس کے بعد حضور نبی کریم ﷺ نے مذکورہ بالا آیت مبارکہ کی تلاوت فرمائی۔

میں نے حضور سرور کائنات ﷺ سے یہ خوشخبری سنتے ہی عرض کیا یا رسول اللہ ﷺ! آپ کو یہ نعمت مبارک ہو پھر صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم

مبارکباد پیش کرتے رہے۔

صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے حضور نبی کریم ﷺ کی خدمت اقدس میں عرض کیا یا رسول اللہ ﷺ! آپ اس آیت کریمہ کی وضاحت فرمائیں تاکہ ہم لوگ اس کی حقیقت سے آگاہ ہوجائیں حضور نبی کریم ﷺ نے فرمایا:۔

"تم لوگوں نے مجھ سے پوچھ لیا ہے اگر تم لوگ مجھ سے دریافت نہ کرتے تو میں کسی کو نہ بتاتا اللہ تعالیٰ نے دو فرشتے مقرر فرمادیے ہیں کہ جب کوئی مسلمان جہاں کہیں مجھ پر درود پاک پڑھتا ہے تو یہ دونوں فرشتے اس کے لیے کہتے ہیں "اے اللہ تعالیٰ اسے میری طفیل بخش دے" ان دونوں فرشتوں کے جواب میں اللہ تعالیٰ اپنے تمام فرشتوں سمیت آمین کہتا ہے اور اگر کوئی شخص میرا نام سن کر درود پاک نہیں پڑھتا تو وہ دونوں فرشتے اس کے لیے کہتے ہیں "اے اللہ تعالیٰ اس کو معاف نہ کرے" اس وقت بھی اللہ تعالیٰ اوراس کے فرشتے آمین کہتے ہیں۔"

روایات میں آتا ہے کہ جب حضور نبی کریم ﷺ پر درود پاک بھیجنے کی آیت کریمہ نازل ہوئی تو صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے عرض کیا یا رسول اللہ ﷺ! آپ کی بارگاہ اقدس میں کس طرح درود وسلام پیش کیا جائے حضور علیہ الصلوٰۃ السلام نے ارشاد فرمایا اس طرح درود وسلام بھیجا کرو۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰٓی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰٓی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ اَللّٰھُمَّ بَارِکْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا بَارَکْتَ عَلٰٓی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰٓی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ

درود پاک حدیث مبارکہ کی روشنی میں

بخاری شریف میں حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ بیان فرماتے ہیں کہ ایک دن حضور نبی کریم ﷺ منبر پر تشریف فرما ہوئے آپ ﷺ نے تین مرتبہ آمین فرمایا صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے عرض کیا یا رسول اللہ ﷺ! آپ ﷺ نے آج خلافِ معمول تین بار آمین، آمین، آمین فرمایا ہے حضور نبی کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا ہاں! حضرت جبرائیل علیہ السلام آئے تھے اور کہا کہ جس شخص کے والدین زندہ ہیں یا ان میں سے ایک بھی زندہ ہے اور وہ شخص ان کی خدمت سے محروم رہا اسے اللہ تعالیٰ اپنی رحمتوں

سے محروم کر دے میں نے کہا آمین! پھر کہا جو شخص رمضان المبارک میں موجود ہو اور روزے نہ رکھے اللہ تعالیٰ اسے اپنی رحمت سے محروم کر دے میں نے کہا! آمین! پھر کہا تیسرا وہ شخص جس نے آپ ﷺ کا نام مبارک سنا اور درود پاک نہ پڑھا اسے بھی اللہ تعالیٰ اپنی رحمت و بخشش سے محروم کر دے میں نے کہ آمین!

حضرت ابو طلحہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک دن حضور نبی کریم ﷺ خوش و خرم تشریف لائے تھے۔

میں نے عرض کیا کہ یا رسول اللہ ﷺ آپ آج بہت خوش و خرم ہیں اس کے جواب میں آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ میرے پاس حضرت جبرائیل علیہ السلام تشریف لائے تھے اور کہا کہ یا رسول اللہ ﷺ کیا آپ اس بات پر راضی نہیں ہیں کہ آپ کا کوئی امتی آپ پر ایک بار درود پاک پڑھے تو میں اس پر دس بار درود پاک پڑھوں آپ ﷺ کا امتی آپ ﷺ پر ایک بار سلام پڑھے اور میں اس پر دس بار سلام پڑھوں۔

حضور نبی کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ جس نے جمعہ کے دن مجھ پر درود پاک بھیجا اللہ تعالیٰ عزوجل اس کے اسی سالہ گناہ معاف کر دے گا ایک صحابی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے عرض کیا یا رسول اللہ ﷺ! ابو مقاتل نے بتایا ہے کہ آپ ﷺ پر جمعہ کے دن جو کوئی ساٹھ مرتبہ درود پاک پڑھے گا اللہ تعالیٰ اس کے اسی سالہ گناہ معاف فرمادے گا آپ ﷺ نے فرمایا ہاں!

اس نے درست کہا ہے۔

اس حدیث پاک کے بارے میں حضرت ابوالحاج بیان فرماتے ہیں کہ میں نے حضور نبی کریم ﷺ کو خواب میں دیکھا تو آپ ﷺ نے ابو مقاتل والی حدیث کی تائید فرمائی۔

حضرت ابوالحجاج جب بھی یہ حدیث مبارک بیان فرماتے تو کہتے کہ مجھے ابو مقاتل کی روایت کی تصدیق حضور نبی کریم ﷺ نے خواب میں فرما دی ہے اور میرا ایمان ہے کہ جس نے حضور سرور کائنات ﷺ کو خواب میں دیکھا ہے بے شک! اس نے حضور ﷺ کو دیکھا کیونکہ شیطان حضور نبی کریم ﷺ کی صورت میں آنے کی طاقت نہیں رکھتا۔

حضرت علی کرم اللہ وجہہ ارشاد فرماتے ہیں کہ حضور نبی کریم ﷺ نے فرمایا:۔

''مجھ پر کثرت سے درود پاک پڑھا کرو۔''

حضرت علی کرم اللہ وجہہ نے پوچھا یا رسول اللہ ﷺ! آپ ﷺ کے اس دنیا سے پردہ فرمانے کے بعد بھی آپ ﷺ کو درود مبارک پہنچتا رہے گا؟ ارشاد فرمایا ہاں!

اللہ تعالیٰ عزوجل نے میری قبر پر فرشتے مقرر کر دیے ہیں ان کے سردار کا نام صلصابیل ہے اس کی شکل مرغ جیسی ہے اسی کے تین پر ہیں اگر وہ پروں کو کھول دے تو ایک مشرق تک اور دوسرا مغرب تک پھیل

جاتا ہے اور ایک میری قبر کو ڈھانپ لیتا ہے جب کوئی مسلمان یہ درود پاک پڑھتا ہے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ اَللّٰھُمَّ بَارِکْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا بَارَکْتَ عَلٰی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ

تو فرشتہ اس مسلمان کے منہ سے یہ الفاظ ایسے چن لیتا ہے جس طرح ایک پرندہ دانے کو چنتا ہے میری قبر پر وہ فرشتہ پر پھیلا کر کہتا ہے یا رسول اللہ ﷺ! فلاں شخص کے فلاں بیٹے نے آپ ﷺ پر درود پاک بھیجا ہے۔

اس درود پاک کو فرشتے لکھ لیتے ہیں یہ تحریر نور کے کاغذ پر مشک اذفر سے تحریر کی جاتی ہے اس کے بیس ہزار درجات میں اضافہ ہو جاتا ہے بیس ہزار نیکیاں لکھ دی جاتی ہیں بیس ہزار برائیاں نامہ اعمال سے ختم کر دی جاتی ہیں بیس ہزار درخت نہر کے کنارے لگا دیے جاتے ہیں اس تحریر کو مشک اذفر سے سر بمہر کر دیا جاتا ہے (اور جب وہ شخص انتقال کر جاتا ہے تو) اس کے سرہانے رکھ دیتے ہیں۔

حضور نبی کریم ﷺ نے فرمایا! قیامت کے دن جب زمین پھٹے گی تو میں باہر سب سے پہلے نکلوں گا حضرت جبرئیل علیہ السلام میرے لئے

سواری لائیں گے اس کی پیشانی پر کلمہ طیبہ:۔

لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ

لکھا ہوگا اس کے ستر ہزار پر ہوں گے اس وقت میں لوائے حمد اٹھا کر رضوان بہشت کو دوں گا لوائے حمد کے درمیان بھی:۔

لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ

لکھا ہوا ہے لوائے حمد اس قدر وسیع ہے کہ اگر اس کو کھول دیا جائے تو پوری کائنات اس کے نیچے آجائے حضرت جبرائیلؑ میرے داہنے ہاتھ ہوں گے میکائیل علیہ السلام میرے بائیں ہاتھ پر ہوں گے۔

اس کے بعد جب میزان عدل کے پاس لوائے حمد نصب کر دیا جائے گا ترازو لگا دیا جائے گا لوگوں کو بلایا جائے گا اور حساب و کتاب شروع ہوگا جب کوئی ایسا شخص حاضر ہوگا جس نے مجھ پر درود پاک پڑھا تھا اور کثرت سے پڑھا تھا اس کے اعمال ترازو میں رکھے جائیں گے ترازو ہلکا ہوگا، اعمال تھوڑے ہوں گے میں وزن کرنے والے کو کہوں گا اللہ تعالیٰ تجھ پر رحم فرمائے ذرا ٹھہر جاؤ اس شخص کی ایک امانت میرے پاس ہے اس نے میرے ساتھ ایک نیکی کی ہے اور اس کے نامہ اعمال میں لکھی ہوئی ہے۔

چنانچہ اس کا نام جس نے درود پاک پڑھا ہوگا سامنے لایا جائے گا ترازو پر رکھا جائے گا اس کا پلڑا وزنی ہو جائے گا اور اس کو جنت میں داخل کر دیا جائے گا۔

حضرت ابوسعید الخدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ بیان فرماتے ہیں کہ حضور نبی کریم ﷺ نے فرمایا کہ جس مجلس میں مجھ پر درود پاک نہیں پڑھا جاتا وہاں پر سوائے حسرت و یاس کے اور کچھ نہیں ہوتا اگر یہ لوگ جنت میں بھی چلے جائیں تو درود شریف کے بغیر خوشی و مسرت نہیں پاسکیں گے۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور نبی کریم ﷺ نے فرمایا جب کوئی مسلمان مجھ پر درود پاک پڑھتا ہے تو میں اسی وقت اس درود پاک کا جواب دیتا ہوں اسی طرح جو سلام پیش کرتا ہے میں اس کا بھی جواب دیتا ہوں۔

حدیث پاک میں آتا ہے کہ ایک صحابی حضور نبی کریم ﷺ کی خدمت اقدس میں حاضر ہوئے اور عرض کیا یا رسول اللہ ﷺ! اگر میں رات کا تیسرا حصہ آپ ﷺ پر درود پاک پڑھوں تو کافی ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا اگر زیادہ پڑھو تو زیادہ اچھا ہے صحابی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے عرض کیا کہ اگر آدھی رات تک درود پاک پڑھوں تو کافی ہوگا؟ آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا نہیں، زیادہ پڑھو تو اس سے بھی بہتر ہے صحابی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے پوچھا یا رسول اللہ ﷺ! اگر میں آپ پر ساری رات درود پاک پڑھوں پھر؟ آپ ﷺ نے خوش ہوتے ہوئے فرمایا پھر تو اللہ تعالیٰ عزوجل کی بھرپور رحمتیں نازل ہوں گی تمھارے غم ختم ہوجائیں گے سارے گناہ مٹ جائیں گے۔

حدیث پاک میں ہے کہ حضرت موسیٰ علیہ السلام کی طرف اللہ تعالیٰ نے وحی نازل فرمائی کہ اے موسیٰ علیہ السلام! کیا تم یہ چاہتے ہو کہ میں تمہارے انتہائی نزدیک ہوجاؤں تمہارے کلام سے بھی نزدیک تمہارے دل سے بھی نزدیک تمہاری زبان سے بھی نزدیک، تمہاری روح اور جسم سے بھی نزدیک، تمہاری آنکھوں کے نور اور تمہاری آنکھ سے بھی نزدیک ہوجاؤں حتیٰ کہ جس طرح تمہاری سماعت کان کے نزدیک ہے جس طرح تمہاری آنکھوں کی سفیدی آنکھوں کی سیاہی کے نزدیک ہے حضرت موسیٰ علیہ السلام نے عرض کیا یا اللہ تعالیٰ! میری تو یہ دلی خواہش ہے کہ میں تیرے قریب تر ہوجاؤں ارشاد باری تعالیٰ ہوا اے موسیٰ علیہ السلام! پھر تم محمد مصطفیٰ ﷺ پر کثرت سے درود پاک پڑھا کرو تاکہ تمہیں میری قربت کی دولت میسر ہو سکے یہ پیغام نبی اسرائیل کو بھی پہنچا دو کہ جو شخص میرے محمد مصطفیٰ ﷺ کا منکر ہوگا اور ان سے بغض رکھے گا اس پر جہنم کی آگ مسلط کردی جائے گی اسے میں اپنی زیارت سے محروم کردوں گا میرا کوئی فرشتہ اس پر رحم نہیں کرے گا میرا کوئی پیغمبر اس کی شفاعت نہیں کرے گا اور اس کو دوزخ کی آگ میں ڈال دیا جائے گا اور اس کی نجات کی کوئی راہ نہیں ہوگی۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ حدیث مبارک بیان فرماتے ہیں کہ جب کوئی مسلمان حضور نبی کریم ﷺ پر درود پاک پڑھتا ہے تو اللہ تعالیٰ ایک فرشتہ کو مقرر کردیتا ہے کہ اس درود شریف کے تحفے کو فوراً حضور

نبی کریم ﷺ کی خدمت میں پہنچاؤ وہ فرشتہ کہتا ہے یا رسول اللہ ﷺ! فلاں بن فلاں یا فلاں بنت فلاں نے آپ ﷺ پر ایک بار درود پاک بھیجا ہے حضور نبی کریم ﷺ انتہائی خوشی و مسرت سے جواب دیتے ہیں کہ میری طرف سے اسے دس بار سلام پہنچاؤ اور اسے پیغام پہنچادو کہ تم جنت میں میرے نزدیک ہوگے اور اس کی مثال میری ان دو انگلیوں کی طرح ہے جو ایک دوسرے کے ساتھ متصل ہیں حضور نبی کریم ﷺ نے یہ بات اپنی دونوں انگشت ہائے مبارک ملا کر فرمائی کہ وہ یقینی طور پر میری شفاعت کا مستحق ہوگا۔

ترمذی شریف میں حضرت ابن مسعود رضی اللہ تعالیٰ روایت فرماتے ہیں کہ حضور سرور کائنات ﷺ نے فرمایا! قیامت کے دن لوگوں میں سب سے زیادہ میرے نزدیک وہ شخص ہوگا جس نے مجھ پر سب سے زیادہ درود پاک بھیجا ہے۔

ترمذی شریف میں حضرت علی کرم اللہ وجہہ فرماتے ہیں کہ حضور سرور کائنات ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ اصل میں بخیل وہ شخص ہے جس کے سامنے میرا ذکر ہو اور وہ مجھ پر درود پاک نہ پڑھے۔

ترمذی شریف میں حضرت ابوہریرہؓ بیان فرماتے ہیں کہ حضور سرور کائنات ﷺ نے فرمایا کہ اس شخص کی ناک خاک آلودہ ہو جس کے سامنے میرا ذکر کیا جائے اور وہ مجھ پر درود پاک نہ پڑھے۔

ترمذی شریف میں حضرت ابی بن کعب رضی اللہ تعالیٰ عنہ بیان فرماتے ہیں کہ میں نے حضور نبی کریم ﷺ سے عرض کیا یا رسول اللہ ﷺ! میں آپ پر کثرت سے درود پاک پڑھنا چاہتا ہوں اب اس کے لیے اور اپنے اوراد و وظائف کے لیے کتنا وقت مقرر کروں؟ ارشاد فرمایا جتنا تم چاہو۔ عرض کیا چوتھائی؟ فرمایا جتنا تم چاہو اور اگر زیادہ کرلو تو تمہارے لیے اور بہتر ہے میں نے عرض کیا نصف؟ فرمایا جتنا تم چاہو اور اگر اس سے بھی زیادہ کرلو تو تمہارے لیے بہتر ہے میں نے عرض کیا دو تہائی؟ فرمایا جتنا تم چاہو اگر زیادہ کرلو تو یہ تمہارے لیے اور زیادہ بہتر ہے میں نے عرض کیا تو پھر میں سارا وقت درود پاک ہی کے لیے مقرر کرلوں؟ ارشاد فرمایا! ایسا ہو تو وہ تمہارے سارے کاموں کے لیے کافی ہوگا اور تمہارے گناہ معاف کر دیے جائیں گے۔

حضور اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا تم مجھ پر جمعہ کے دن اور جمعہ کی رات کو درود شریف کثرت سے بھیجا کرو کیونکہ باقی دنوں میں ملائکہ تمہارے درود پاک مجھ تک پہنچاتے رہتے ہیں لیکن جمعہ کے دن اور جمعہ کی رات کو جو کوئی مجھ پر درود پاک پڑھتا ہے اس کو میں اپنے کانوں سے سنتا ہوں۔

مشکوٰۃ شریف میں حضرت ابوداؤد رضی اللہ تعالیٰ عنہ بیان فرماتے ہیں کہ حضور نبی کریم ﷺ نے فرمایا کہ مجھ پر ہر جمعہ کے دن کثرت سے درود پاک بھیجا کرو کیونکہ یہ یوم مشہود ہے اس میں فرشتے حاضر ہوتے ہیں

جو بندہ مجھ پر درود پاک پڑھے اس کی آواز مجھ تک پہنچ جاتی ہے جہاں پر بھی وہ بندہ ہو عرض کیا گیا یا رسول اللہ ﷺ ! کیا آپ ﷺ کے وصال مبارک کے بعد بھی آپ ﷺ تک درود شریف پڑھنے والوں کی آواز پہنچے گی؟ ارشاد فرمایا ہاں! وصال کے بعد بھی میں سنوں گا اللہ تعالیٰ عزوجل نے انبیائے کرام علیہم السلام کے جسموں کو کھانا زمین پر حرام فرمادیا ہے لہذا اللہ تعالیٰ کے نبی زندہ ہیں، رزق دیے جاتے ہیں۔

مشکوٰۃ شریف میں حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ بیان فرماتے ہیں کہ میں نے نماز ادا کی جبکہ اس وقت حضور نبی کریم ﷺ اور حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ اور حضرت عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ بھی تشریف فرما تھے جب میں نماز کی ادائیگی کے بعد بیٹھا اور خدا تعالیٰ کی حمد وثنا کی پھر میں نے حضور نبی کریم ﷺ پر درود پاک پڑھ کر دُعا مانگی تو حضور سرور کائنات ﷺ نے فرمایا تو مانگ تجھے عطا کیا جائے گا تو مانگ تجھے عطا کیا جائے گا۔

ایک حدیث پاک میں آیا ہے کہ حضور نبی کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا جو شخص ہر روز سو مرتبہ درود پاک پڑھے اس کی سو حاجات پوری کی جائیں گی جن میں سے تیس دنیا میں اور باقی آخرت میں پوری کی جائیں گی۔

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ روایت فرماتے ہیں کہ حضور نبی

کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ جو شخص مجھ پر کثرت سے درود پاک بھیجے گا وہ عرش کے سایہ تلے ہوگا۔

حدیث پاک میں آتا ہے کہ ایک دن حضرت جبرائیل علیہ السلام حضور نبی کریم ﷺ کی بارگاہ اقدس میں حاضر ہوئے اور کہا کہ میں نے آسمانوں پر ایک ایسا فرشتہ دیکھا جو تخت پر بیٹھا ہوا تھا اور اس کی خدمت میں ستر ہزار فرشتہ صف بستہ کھڑے تھے اس کے ہر سانس سے اللہ تعالیٰ ایک فرشتہ پیدا فرماتا ہے ابھی ابھی میں نے اسے شکستہ پروں کے ساتھ کوہ قاف میں روتے ہوئے دیکھا ہے اس نے جب مجھے دیکھا تو کہا تم اللہ تعالیٰ کی بارگاہ اقدس میں میری سفارش کرو میں نے اس سے پوچھا کہ تیرا جرم کیا ہے؟ اس نے کہا کہ معراج شریف کی شب جب حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ کی سواری گزری تو میں تخت پر بیٹھا رہا، تعظیم کے لیے کھڑا نہیں ہوا اس لیے اللہ تعالیٰ نے مجھے اس جگہ عذاب میں مبتلا کر دیا ہے حضرت جبرئیل علیہ السلام فرماتے ہیں کہ میں نے اللہ تعالیٰ کے حضور اس کی سفارش کی اللہ تعالیٰ نے مجھ سے فرمایا تم اس سے کہو کہ یہ محمد ﷺ پر درود بھیجے چنانچہ اس فرشتہ نے آپ ﷺ پر درود بھیجا تو اللہ تعالیٰ نے اس کی اس لغزش کو معاف فرمادیا اور اس کے نئے پر بھی پیدا فرمادیے۔

حضرت ابن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ بیان فرماتے ہیں کہ حضور نبی کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ قیامت کے دن ایک جماعت کو حکم ہوگا کہ

ان کو جنت میں بھیجا جائے مگر وہ جنت کا راستہ بھول جائیں گے۔

صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے یہ سن کر عرض کیا یا رسول اللہ ﷺ! یہ کون لوگ ہوں گے؟ آپ ﷺ نے فرمایا کہ یہ وہ لوگ ہوں گے جن کے سامنے میرا نام لیا گیا مگر وہ درود پاک نہ پڑھ سکے۔

حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ روایت فرماتے ہیں کہ حضور نبی کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ ہر دُعا کو اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں پہنچنے کے لیے ان حجابات سے گزرنا پڑتا ہے جو آسمانوں کے درمیان ہیں یہ حجابات درود پاک کے بغیر کسی بھی چیز سے نہیں کھلتے جب درود پاک پڑھا جاتا ہے تو یہ حجابات اٹھ جاتے ہیں اور یہ دُعا آسمانوں سے بلند ہوتی جاتی ہے اگر درود پاک نہ پڑھا جائے تو یہ دُعا واپس لوٹ آتی ہے۔

حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ بیان فرماتے ہیں کہ حضور نبی کریم ﷺ نے حجۃ الوداع کے خطبہ میں ارشاد فرمایا! اے میری امت! اللہ تعالیٰ تمہارے گناہوں کو اس استغفار کی وجہ سے بخش دے گا جو تم نے صدق نیت سے کی ہے تمہارے وہ گناہ معاف فرمادے گا جو تم صدقِ نیت سے معاف کروانے کی خواہش رکھو گے تم اس استغفار کے ساتھ ''لا الہ الا اللہ'' ضرور پڑھو لیکن یاد رکھو کہ جو مجھ پر درود پاک پڑھے گا میں قیامت کے روز اس کی شفاعت کروں گا۔

حضرت عبدالرحمٰن بن سمرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ بیان فرماتے ہیں کہ

ایک دن حضور نبی کریم ﷺ اپنے بیت اطہر سے باہر آئے اور ارشاد فرمایا کہ کل رات مجھے عجیب وغریب خواب دکھائی دیا ہے میں نے اپنی امت کا ایک آدمی پُل صراط سے گزرے ہوئے دیکھا جو کانپ رہا تھا اور لرزتا ہوا جارہا تھا (اسی اثناء میں) درود پاک کا وہ تحفہ جو اس نے اپنی زندگی میں مجھ پر بھیجا تھا آپہنچا اس کا ہاتھ پکڑا اور اسے پُل صراط پار کرادیا۔

حضرت علی کرم اللہ وجہہ روایت فرماتے ہیں کہ حضور نبی کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ جو شخص حج ادا کرنے کے بعد کفار کے ساتھ جہاد میں شریک ہوا اس حج کا ثواب چارسو حج جیسا ہوگا لیکن جو غریب ومساکین حج وجہاد کی نعمت سے محروم رہیں گے وہ شکستہ خاطر اور مایوس ہوں گے (مگر) اللہ تعالیٰ عزوجل نے مجھے وحی کے ذریعہ سے بتا دیا ہے کہ اے محمد مصطفیٰ (ﷺ) آپ کا کوئی بھی امتی اگر آپ پر درود پاک بھیجے گا تو میں ان کے نامۂ اعمال پر چارسو غزوات کی شرکت کا ثواب اور چارسو حج کے درجات لکھ دوں گا۔

حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ روایت فرماتے ہیں کہ حضور نبی کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا قیامت کے دن میری امت کے ایک شخص کو جہنم کی آگ میں ڈالنے کا حکم ہوگا وہ روتے ہوئے کہے گا! اے ملائکہ! مجھے کہاں پر پھینکنے کا حکم ہوا ہے؟ فرشتے کہیں گے کہ جہنم میں وہ کہے گا کہ مجھے چند لمحات کی مہلت دے دو تاکہ میں اپنی حالت پر روسکوں فرشتے کہیں

گے اے شخص! یہ ندامت کے آنسو تو تجھے اپنی زندگی میں بہانے چاہیے تھے تاکہ تجھے کوئی فائدہ ہوتا آج رونے سے کیا حاصل ہے وہ شخص کہے گا کہ میں حضرت آدم علیہ السلام کی اولاد سے ہوں جہنم کی آگ کو برداشت کرنے کی طاقت نہیں رکھتا میں حضور نبی کریم ﷺ کی امت میں سے ہوں، مجھے اپنے خدا تعالےٰ سے یہ گمان کبھی نہ تھا۔

فرشتے اس سے پوچھیں گے کہ اللہ تعالیٰ کے بندے! تجھے اپنے اللہ تعالیٰ سے کیا گمان تھا؟ وہ کہے گا کہ مجھے اپنے اللہ تعالیٰ سے یہ امید تھی کہ وہ مجھے کفار کے ساتھ دوزخ میں نہیں رکھے گا فرشتے کہیں گے وہ دیکھو حضور سرور کائنات اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں کھڑے ہیں ان کو پکارو تاکہ وہ تیری شفاعت کرسکیں ورنہ تجھے جہنم میں پھینک دیا جائے گا وہ بندہ حضور نبی کریم ﷺ کو پکارے گا حضور نبی کریم ﷺ اس بندہ کی آواز پر توجہ فرمائیں گے اور دیکھیں گے کہ اس کو عذاب کے فرشتوں نے جکڑ رکھا ہے آپ ﷺ فرشتوں سے فرمائیں گے کہ اسے میرے حوالے کر دیا جائے تاکہ اس کے اعمال کو دوبالا تولا جاسکے فرشتے عرض کریں گے یا رسول اللہ ﷺ! ہم اللہ تعالیٰ عزوجل کے فرمانبردار ہیں یہ جو کچھ ہم کر رہے ہیں اسی کے حکم کے تحت کر رہے ہیں جب تک اللہ تعالیٰ عزوجل کا فرمان نہ ہو ہم اس کو نہیں چھوڑ سکتے۔

حضور نبی کریم ﷺ اس وقت سجدہ میں گر جائیں گے اور عرض

کریں گے اے اللہ تعالیٰ! آج تیرے فرشتے میرے اور تیرے بندے کے درمیان حائل ہو رہے ہیں ارشاد باری تعالیٰ ہوگا اے فرشتو! میرے بندے کو میرے پیغمبر کے حوالے کر دو چنانچہ حضور نبی کریم ﷺ اس گناہ گار امتی کو لے کر میزان کے پاس تشریف لائے گے اور نیکیوں کے دفتر میں سے ایک مٹھی میزان میں رکھیں گے جس سے برائیاں دب کر رہ جائیں گی ارشاد باری تعالیٰ ہوگا کہ اس بندے کو جنت میں لے جاؤ جب اس بندے کو جنت کی طرف لے جایا جائے گا تو حضور نبی کریم ﷺ جنت کے دروازے پر کھڑے دکھائی دیں گے آپ ﷺ مسکرا کر فرمائیں گے مجھے پہچانتے ہو؟ وہ کہے گا یا رسول اللہ ﷺ! میرے ماں باپ آپ پر قربان ہوں حضور نبی کریم ﷺ ارشاد فرمائیں گے کہ وہ نیکیوں کی ایک مٹھی جو تمہاری تمام برائیوں پر غالب آگئی تھی وہ درود پاک تھا جو تم دنیاوی زندگی میں میرے لیے پڑھا کرتے تھے۔

وہ شخص اسی وقت حضور نبی کریم ﷺ کی قدم بوسی کرے گا اور عرض کرے گا اگر آپ آج میری شفاعت نہ فرماتے اور میرا درود پاک آپ ﷺ کی ذاتِ اطہر پر نہ ہوتا تو میں دوزخ کی آگ میں ہوتا۔

دُعائے حضرت ابراہیمؑ اور انعام ربی

حضرت علامہ فخر الدین رازی رحمتہ اللہ تعالیٰ علیہ فرماتے ہیں کہ جب حضرت ابراہیم علیہ السلام خانہ کعبہ کی تعمیر سے فارغ ہوئے تو آپ

علیہ السلام نے اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں دُعا فرمائی۔

آپ علیہ السلام دُعا فرماتے جاتے تھے اور حضرت اسماعیل علیہ السلام، حضرت اسحاق علیہ السلام، حضرت سارہ علیہ السلام اور حضرت بی بی ہاجرہ علیہ السلام آمین کہتے جاتے تھے حضرت ابراہیم علیہ السلام نے اپنی اس خواہش کا اظہار کیا کہ ''جب امت محمدیہ ﷺ کے تمام مشائخ کعبۃ اللہ کی زیارت کے لئے آئیں تو وہ نفل شکرانہ ادا کریں تو اے اللہ تعالیٰ! مجھے ان کا شفیع مقرر فرمانا۔

حضرت اسماعیل علیہ السلام نے دُعا مانگی اے اللہ تعالیٰ! امت محمدیہ میں سے جو بوڑھا ہو کر خانہ کعبہ میں آئے اور تیری عبادت کرے تو اس کو بخشش دے سب نے آمین کہا۔

حضرت اسحاق علیہ السلام نے دُعا مانگی یا اللہ تعالیٰ! امت محمدیہ کا جو نوجوان خانہ کعبہ میں آکر تیری عبادت کرے تو اس کو بخش دے سب نے آمین کہی۔

حضرت بی بی سارہ علیہ السلام نے دُعا کی! جو عورت امت محمدیہ ﷺ کی خانہ کعبہ میں آئے اور عبادت کرے تو اسے بخش دے۔

اور حضرت بی بی ہاجرہ رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ نے یہ دُعا کی کہ اے اللہ تعالیٰ! امت محمدیہ میں جو کنیز خانہ کعبہ میں آئے اور عبادت کرے اس کو بخش دینا سب نے باری باری آمین کہی۔

اللہ تعالیٰ نے حضور علیہ الصلوٰۃ السلام کی امت کے لئے جب یہ کلمات:۔

خیر واجعل لی لسان صدق فی الآخرین

کہے فرمان ربی ہوا اے ابراہیم علیہ السلام! اے میرے خلیل! میں نے تیری دُعا کو قبولیت بخشی اور جس طرح تو نے میرے حبیب علیہ الصلوٰۃ السلام کی امت کے لئے ذکر خیر فرمایا ہے اس طرح میرے پیارے حبیب علیہ الصلوٰۃ والسلام کی امت بھی تجھے اور تیری آل کو ذکر خیر سے یاد کرتی رہے گی اور اس ذکر خیر میں میں اور میرے فرشتے بھی مشغول رہیں گے۔

اس پر حضرت ابراہیم علیہ السلام نے اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کیا چنانچہ حضور سرور کائنات ﷺ کو خطاب فرمایا۔

''اے میرے حبیب ﷺ، میرے خلیل ابراہیم علیہ السلام اور اس کی آل نے آپ ﷺ کی امت کو اس وقت فراموش نہیں کیا تھا گو آپ ﷺ کی امت کا ہر فرد جب میری عبادت کرے تو ان کو خیر و برکت سے یاد کر لیا کرے تاکہ ان کے احسانات کا بدلہ دیا جا سکے۔

اسی لئے اللہ تعالیٰ نے نماز میں جو درود پاک پڑھنے کا حکم دیا ہے وہ درود ابراہیمی ہے اور یہی انعام ربی حضرت ابراہیم علیہ السلام خلیل اللہ اور ان کی آل کے لئے ہے جو تا روز محشر تک جاری و ساری رہے گا۔

روضہ مبارک ﷺ پر حاضری کے وقت سلام

حجاج کرام جب روضہ مبارک پر حاضر ہوں اور ان کی نظر جب مواجعہ مبارک پر پڑے تو فوراً باادب ہو کر درود پاک کی کثرت شروع کریں آنکھوں میں آنسو لائیں اور دل سے حضوری کے ساتھ درود پاک پڑھتے ہووے جب مواجعہ مبارک کے پاس پہنچیں تو باادب ہو کر کہیں۔

السلام علیک یا رسول اللّٰہ، السلام علیک

یا حبیب اللّٰہ، السلام علیک یا نبی اللّٰہ

اور اس کے بعد یوں سلام عرض کریں۔

"آپ ﷺ پر سلام اے اللہ تعالیٰ کے رسول ﷺ۔ اے اللہ تعالیٰ کے نبی آپ ﷺ پر سلام۔ اے اللہ تعالیٰ کی برگزیدہ بستی آپ ﷺ پر سلام، اے اللہ تعالیٰ کی مخلوق میں سب سے بہتر ذات آپ ﷺ پر سلام۔ اے اللہ تعالیٰ کے حبیب آپ ﷺ پر سلام۔ اے رسولوں کے سردار آپ ﷺ پر سلام۔ اے خاتم النبیین آپ ﷺ پر سلام۔ اے رب العالمین کے رسول آپ ﷺ پر سلام۔ اے سردار ان لوگوں کے جو قیامت میں روشن چہرے والے اور روشن ہاتھ پاؤں والے ہوں گے (یہ مسلمانوں کی خاص علامت ہے کہ دنیا میں جن اعضاء کو وہ وضو میں دھوتے رہے ہیں وہ قیامت کے دن نہایت روشن ہوں گے) آپ ﷺ پر سلام اے جنت کی بشارت دینے والے آپ ﷺ پر سلام۔ اے جہنم سے ڈرانے والے آپ ﷺ پر سلام۔

آپ ﷺ اور آپ ﷺ کے اہل بیت پر سلام جو طاہر ہیں سلام آپ ﷺ پر اور آپ ﷺ کی ازواج مطہرات پر اور آپ ﷺ کے تمام اصحاب رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر۔ سلام آپ ﷺ پر اور تمام انبیاء علیہ السلام اور تمام رسولوں پر اور تمام اللہ تعالیٰ کے نیک بندوں پر۔ یا رسول اللہ جل شانہ، آپ کو ہم لوگوں کی طرف سے ان سب سے بڑھ کر جزائے خیر عطا فرمائے جتنی کہ کسی نبی کو اس کی قوم کی طرف سے اور کسی رسول کو اس کی امت کی طرف سے عطا فرمائی ہو اور اللہ تعالیٰ آپ ﷺ پر درود پاک بھیجتے ہیں جب بھی ذکر کرنے والے آپ ﷺ کا ذکر کریں اور جب بھی غافل لوگ آپ ﷺ کے ذکر سے غافل ہوں اللہ تعالیٰ جل شانہ، آپ ﷺ پر اولین میں درود بھیجے اللہ تعالیٰ شانہ، آپ ﷺ پر آفرین میں درود بھیجے اس سب سے افضل اور اکمل اور پاکیزہ جو اللہ تعالیٰ نے اپنی ساری مخلوق میں سے کسی پر بھی بھیجا ہو جیسا کہ اس نے نجات دی ہم کو آپ ﷺ کی برکت سے گمراہی اور آپ ﷺ کی وجہ سے جہالت اور اندھے پن میں بصیرت عطا فرمائی۔

میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی معبود نہیں اور گواہی دیتا ہوں اس بات کی کہ آپ ﷺ اللہ تعالیٰ کے بندے اور اس کے رسول ﷺ ہیں اور ساری مخلوق میں سے اس کی برگزیدہ ذات ہیں اور میں اس کی گواہی دیتا ہوں کہ آپ ﷺ نے اللہ تعالیٰ کی رسالت کو پہنچا دیا اور اس کی امانت کو ادا کر دیا امت کے ساتھ پوری پوری خیر خواہی فرمائی اور اللہ تعالیٰ

کے بارے میں کوشش کا حق ادا فرمادیا اللہ تعالیٰ آپ ﷺ کو اس سے زیادہ سے زیادہ عطا فرما جس کی امید کرنے والے امید کر سکتے ہیں۔"

اس کے بعد اپنے لئے اور سارے مومنین اور مومنات کے لئے دُعا کریں۔

اس کے بعد حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ، حضرت عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر سلام پڑھیں اور ان کے لئے بھی دُعائے خیر کریں کہ اللہ تعالیٰ انہیں بھی بہتر سے بہتر جزائے خیر عطا فرمائے اس کے بعد درود پاک کی کثرت اختیار کریں باادب رہیں۔ اسی میں دین و دنیا کی تمام نعمتیں داخل ہیں اور باعث افتخار ہیں اور باعث شفاعت ونجات ہیں۔ اللہ تعالیٰ! ہمیں اس پر کاربند ہونے کی توفیق ایزدی عطا فرمائے۔ (آمین)

درود پاک پڑھنے کے خاص مواقع

درود پاک ایک ایسا وظیفہ ہے جس کا پڑھنا اور حضور اقدس ﷺ پر بھیجنا اس طرح ہر مسلمان مومن پر فرض ہے جس طرح اللہ تعالیٰ اور اس کے فرشتے بھیجتے ہیں یوں تو درود پاک پڑھنے کے لیے کسی بھی قسم کی تعداد کا تعین نہ ہے لیکن عام مسلمان پر لازم ہے کہ وہ زندگی میں کم از کم ایک بار درود پاک صبح و شام ضرور پڑھے لیکن عملیات کرتے وقت ہر وظیفے میں دیئے گئے تعداد کو مدنظر رکھنا لازمی ہے تاکہ اس عمل کے فوائد سے مستفید ہوا جاسکے اسی طرح اوقات کار کا بھی تعین ضروری ہے جو کہ مختلف اولیائے عظام اور اصحابہ کبار رضوان اللہ علیہم اجمعین نے مقرر کئے ہیں البتہ عام مسلمانوں کے لیے درود پاک پڑھنے کے چند اہم افضل اوقات کا ذکر یہاں کیا جاتا ہے۔

تمام نمازوں جیسے عیدین کے خطبات، جمعہ کے خطبات، نماز استسقاء کے خطبہ میں، ہر نماز میں بعداز التحیات، نماز جنازہ میں دوسری تکبیر کے بعد، مساجد میں داخل ہوتے وقت، نماز کسوف وخسوف کے خطبات میں پڑھنا لازم ہے اور یہ اوقات

بھی متعین ہیں اسی طرح مساجد میں داخل ہوتے وقت اور نکلتے وقت ہر دُعا سے قبل خواہ وہ کسی بھی وقت پڑھی جائے وضو، تیمم، غسل جنابت، غسل حیض سے فراغت کے بعد اوقات بھی متعین ہیں۔

دورانِ حج بیت اللہ، کوہ صفا و مروہ کی سعی اور حجر اسود کے بوسہ کے وقت، قیام منیٰ، عرفات اور مزدلفہ میں طواف و وداع کے بعد، خانہ کعبہ سے نکلتے وقت، مدینہ شریف اور مسجد نبوی میں داخل ہونے کے وقت، زیارت رسول اللہ ﷺ کے وقت، ریاض الجنتہ اور اصحاب صفہ کے مقام پر، زیارت تبرک آثار رسول اللہ ﷺ کے موقع پر درود شریف پڑھنا لازم ہے۔

کسی بھی وظیفہ کے عمل کے لیے اول و آخر درود پاک مقررہ تعداد میں پڑھنا اس وظیفہ اور عمل کے فیوض و برکات سے مستفید ہونے کے لیے بہت ضروری اور اچھا ہے کیونکہ اس کے بغیر کوئی بھی دُعا قبول بارگاہ الٰہی نہیں ہوتی۔

مقامات درود وسلام النبی ﷺ

جن مقامات، اوقات اور حالات میں درود سلام عرض کرنے کی تاکید یا وضاحت ہے وہ حسب ذیل ہیں۔

☆ نماز کے آخری قعدہ میں التحیات کے بعد۔ اگر دو رکعتوں کی نماز ہے تو دوسری رکعت کے آخر میں اور اگر تین یا چار رکعتوں کی نماز ہے تو تیسری یا چھوتی رکعت میں التحیات کے بعد۔

☆ نماز جنازہ میں دوسری تکبیر کے بعد۔

☆ جمعتہ المبارک کے خطبوں میں۔

☆ نماز عیدین میں۔

☆ خطبات عیدین میں۔

☆ خطبہ اور نماز استسقاء میں۔

☆ سورج گرہن اور چاند گرہن لگنے کے وقت۔

☆ نمازوں کے بعد۔

☆ اذان کے بعد۔

☆ اوقات نماز کے وقت۔

☆ مساجد میں داخل ہوتے وقت۔

☆ مساجد سے باہر نکلتے وقت۔

☆ وضو کرتے وقت۔

☆ وضو کرنے کے بعد۔

☆ تیمم کرتے وقت۔

☆ پاک ہونے والے غسل کے وقت۔

☆ دُعا کے اوّل اور دُعا کے آخر۔

☆ وقت سحر کعبہ معظّمہ دیکھنے کے وقت۔

☆ حج کے موقع پر تلبیہ (لبیک) پڑھنے کے بعد۔

☆ جبلِ صفا اور جبل مروہ پر۔

☆ حجر اسود کو بوسہ دیتے وقت۔

☆ منیٰ کی مسجدِ خیف میں۔

☆ عرفات کے میدان میں حج کے دِن۔

☆ طوافِ وداع سے فارغ ہونے کے بعد۔

☆ مدینہ منورّہ کے سفر کے دوران۔

☆ مدینہ منوّرہ میں قیام کے دوران کثرت سے۔

☆ مسجدِ نبوی شریف میں حاضری کے وقت۔

☆ زیارت روضہ رسول مقبول ﷺ کے وقت۔

☆ آثار متبرکہ مثلاً قُبا، مسجد قبلتین، مساجد خمسہ، جبل احد اور مقام بدر وغیرہ کی زیارت کے وقت۔

☆ جمعتہ المبارک کی روشن رات اور جمعتہ المبارک کے روشن دن کثرت سے درود سلام پڑھیں۔

☆ جمعتہ المبارک کے روز عصر کی نماز کے بعد۔

☆ صبح اور شام کے وقت۔

☆ فجر اور مغرب کی نماز کے بعد۔

☆ مجلس کو خطاب کرتے وقت اور اختتام پر جو خدا اور شعائرِ اسلام کے لیے ہو۔

☆ حفظ قرآن کے وقت۔

☆ قرآن مجید شروع کرتے وقت۔

☆ قرآن مجید ختم کرنے کے بعد۔

☆ گھر سے نکلتے وقت۔

☆ گھر میں داخل ہوتے وقت۔

☆ لڑائی جھگڑے کو ختم کرنے کے بعد۔

☆ نکاح کے خطبہ میں۔

☆ اگر کسی مفلس کے پاس مال نہ ہو تو درود شریف اُس کا صدقہ ہے۔

☆ مصیبت اور پریشانی کے وقت۔

☆ کسی سواری پر سوار ہوتے وقت۔

☆ احباب سے ملتے اور مصافحہ کے وقت۔

☆ خوف واحتیاج کے وقت۔

☆ بازار جاتے وقت۔

☆ بازار پہنچنے پر۔

☆ پاؤں کے سن ہونے پر۔

☆ غفلت طاری ہونے کے وقت۔

☆ دعوت میں حاضر ہونے کے وقت۔

☆ دعوت سے فارغ ہوکر چلتے وقت۔

☆ جانور بھاگ جانے کے وقت۔

☆ غلام بھاگ جانے کے وقت۔

☆ مولی کھانے کے وقت تاکہ اس کی ڈکار میں بُو نہ آئے۔

☆ برتن سے پانی پیتے وقت۔

☆ گدھے کی آواز کے وقت مگر اس وقت درود کے ساتھ شیطان لعین سے استعاذہ بھی مروی ہے تاکہ دفع شر اور حصول خیر دونوں واقع ہوں۔

☆ طاعون کی وبا کے وقت۔

☆ غرق ہونے سے بچنے کے لئے۔

☆ کسی چیز کو اچھا لگنے کے وقت۔

☆ حضور نبی کریم ﷺ کا اسم مبارک سننے، لکھنے یا پڑھنے کے وقت، خطوط رسائل، کتب کے شروع کرتے وقت بسم اللہ شریف کے بعد، اسے حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے شروع کیا اور خود انھوں نے اسے اپنے خطوط میں لکھا۔

☆ حدیث پاک کی قرأت کے ابتداء میں اور انتہاء میں۔

☆ فتویٰ کی کتابت کے وقت۔

☆ قرآن مجید میں درود سلام سے متعلق حکم، حضور نبی کریم ﷺ پر مدینہ منورہ کے قیام کے دوران ماہ شعبان المعظم ۲ھ کو نازل ہوا۔ اس مناسبت سے کئی بزرگان دین ماہِ شعبان المعظم میں ہر روز کثرت سے درود شریف پڑھتے ہیں اور اسی ماہ کی پندرھویں شب

(شب برأت) کو اہتمام کے ساتھ نوافل کے علاوہ درود شریف کثیر تعداد میں پڑھتے ہیں۔

☆ مسجد پر نظر پڑنے اور پاس سے گزرنے کے وقت۔

☆ کسی گناہ میں مبتلا ہونے کے بعد تاکہ اس کا کفارا ہو جائے۔

☆ زراعت کے وقت درود سلام پڑھا جائے۔

☆ کسی بھی محفل میلاد میں۔

☆ رمضان المبارک، رجب اور شعبان میں استغفار سے پہلے اور بعد میں۔

☆ نام رسول اللہ ﷺ کے سنتے اور پڑھتے اور لکھتے وقت آغاز گفتگو سے قبل۔

☆ رات کو سوتے وقت۔

☆ تہجد کے وقت۔

☆ ختم پاک کے وقت۔

☆ وعظ درس کے وقت۔

☆ گھر میں داخل ہوتے وقت۔

☆ کسی شے کے بھول جانے کے وقت۔

☆ قبرستان میں داخل ہوتے وقت۔

☆ مصیبت، رنج وغم کے وقت۔

☆ معانقہ ومصافحہ کے وقت۔

☆ حالت غریب۔

☆ حالت سفر۔

☆ طلب شفاء۔

☆ کاروبار۔

☆ تجارت۔

☆ وصیت لکھتے وقت۔

☆ صاف رواں پانی کو دیکھ کر۔

☆ ہر اہم اور غیر اہم موقع پر۔

☆ کسی بھی وظیفہ کے عمل کے لیے اوّل وآخر درود پاک مقررہ تعداد میں پڑھنا اس وظیفہ اور عمل کے فیوض وبرکات سے مستفید ہونے کے لیے بہت ضروری ہے کیونکہ اس کے بغیر کوئی بھی دُعا قبول بارگاہ الٰہی نہیں ہوتی۔

مقامات و اوقات ممنوعہ ذکر درود پاک

ذیل کے اوقات ذکر درود پاک کے لیے نامناسب ہیں اور ان اوقات کی ممانعت حدیث پاک میں بھی آئی ہے اس لیے کوئی بھی وظیفہ یا عمل کرتے وقت ان اوقات اوراعمال جسمانی ومقامات کا خاص خیال رکھنا چاہیئے۔

☆ دورانِ صحبت

☆ حوائج ضروریہ مثلاً پیشاب، پاخانہ کرتے وقت اور اس مقام پر۔

☆ دوران ٹھوکر یا بوقت استعجاب و حیرت

☆ کسی مادی شے کی تشہیر کے وقت اور مقام تشہیر پر

☆ ذبیحہ جانور کے وقت

☆ غسل خانے میں

☆ نشے کی حالت میں

☆ یادہ گوئی۔ فحش کلمات اور مذاق کے وقت اور مقام پر

☆ لڑائی۔ جھگڑے۔ دنگا اور فساد کے دوران

☆ فحش مناظر اور تصاویر دیکھتے وقت

☆ قحبہ خانے میں

☆ قرآت قرآن پاک میں جہاں رسول کریم ﷺ کا ذکر مبارک آئے تو وہاں درود شریف پڑھنے سے قرآت میں خلل واقع ہوتا ہے اور اس سے کلام الٰہی کی بے حرمتی اور بے ادبی ہوتی ہے البتہ بعداز فراغت قرآت درود پاک پڑھ سکتا ہے۔

اعمال

برائے نیک اعمال

اگر کسی پر کوئی ناجائز مقدمہ قائم کر دیا گیا ہو کسی جھوٹے مقدمہ میں پھنسا دیا گیا ہو اور مقدمہ سے خلاصی کی کوئی صورت دکھائی نہ دیتی ہو تو ایسے میں ذیل کا عمل بے حد فائدہ مند اور مفید ہے۔

اس مقصد کے لئے چاند کے مہینہ کی پہلی جمعرات کو نماز عشاء کے بعد باوضو حالت میں تنہائی میں بیٹھ کر اول و آخر ایک سو گیارہ مرتبہ درود پاک ذیل پڑھے درمیان میں ایک ہزار ایک مرتبہ درود پاک ماہی پڑھے ہر روز بلاناغہ یہ عمل کرے۔

پڑھنے کے بعد اللہ تعالیٰ عزوجل سے دُعا مانگے۔

چالیس یوم تک اس طرح عمل کو جاری رکھے۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم مقدمہ میں کامیابی ہوگی اور مقدمہ کا فیصلہ اس کے حق میں ہوگا۔

درود پاک:۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ
وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ م بِعَدَدِ رَحْمَۃِ اللّٰہِ

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ
وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ م بِعَدَدِ فَضْلِ اللّٰہِ اَللّٰھُمَّ
صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی
اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ م بِعَدَدِ خَلْقِ اللّٰہِ اَللّٰھُمَّ صَلِّ
وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ
سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ م بِعَدَدِ عِلْمِ اللّٰہِ اَللّٰھُمَّ صَلِّ
وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ
سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ م بِعَدَدِ کَلِمَاتِ اللّٰہِ اَللّٰھُمَّ صَلِّ
وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ
سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ م بِعَدَدِ کَرَمِ اللّٰہِ اَللّٰھُمَّ صَلِّ
وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ
سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ م بِعَدَدِ حُرُوْفِ کَلَامِ اللّٰہِ اَللّٰھُمَّ
صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی
اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ م بِعَدَدِ قَطَرَاتِ الْاَمْطَارِ اَللّٰھُمَّ
صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی
اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ م بِعَدَدِ اَوْرَاقِ الْاَشْجَارِ اَللّٰھُمَّ

صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی
اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ م بِعَدَدِ رَمْلِ الْقِفَارِ اَللّٰھُمَّ صَلِّ
وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ
سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ م بِعَدَدِ مَاخُلِقَ فِی الْبِحَارِ اَللّٰھُمَّ
صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی
اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ م بِعَدَدِ الْحُبُوْبِ وَالثِّمَارِ
اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ
وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ م بِعَدَدِ الَّیْلِ وَالنَّھَارِ
اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ
وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ م بِعَدَدِ مَآ اَظْلَمَ عَلَیْہِ
الَّیْلُ وَاَشْرَقَ عَلَیْہِ النَّھَارُ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ
عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا
مُحَمَّدٍ م بِعَدَدِ مَنْ صَلّٰی عَلَیْہِ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ
عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا
مُحَمَّدٍ م بِعَدَدِ مَنْ لَّمْ یُصَلِّ عَلَیْہِ اَللّٰھُمَّ صَلِّ
وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ

سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ م بِعَدَدِ اَنْفَاسِ الْخَلَآئِقِ اَللّٰھُمَّ
صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی
اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ م بِعَدَدِ نُجُوْمِ السَّمٰوٰتِ اَللّٰھُمَّ
صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی
اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ م بِعَدَدِ کُلِّ شَیْءٍ فِی
الدُّنْیَا وَالْاٰخِرَۃِ صَلَوَاتُ اللّٰہِ تَعَالٰی وَمَلٰٓئِکَتِہٖ
وَاَنْبِیَآئِہٖ وَرُسُلِہٖ وَجَمِیْعِ الْخَلَآئِقِ عَلٰی سَیِّدِ
الْمُرْسَلِیْنَ وَاِمَامِ الْمُتَّقِیْنَ وَقَآئِدِ الْغُرِّ
الْمُحَجَّلِیْنَ وَشَفِیْعِ الْمُذْنِبِیْنَ سَیِّدِنَا وَمَوْلَانَا
مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَاَزْوَاجِہٖ وَذُرِّیَّتِہٖ
وَاَھْلِ بَیْتِہٖ وَاَھْلِ طَاعَتِکَ اَجْمَعِیْنَ مِنْ اَھْلِ
السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِیْنَ بِرَحْمَتِکَ یَآ اَرْحَمَ
الرَّاحِمِیْنَ وَیَآ اَکْرَمَ الْاَکْرَمِیْنَ وَصَلَّی اللّٰہُ
تَعَالٰی عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ
اَجْمَعِیْنَ وَسَلَّمَ تَسْلِیْمًا دَآئِمًا اَبَدًا کَثِیْرًا
وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ

پسندیدہ جگہ پر نکاح

اگر کوئی کسی جگہ پر نکاح کرنے کا خواہش مند ہو گھر میں کوئی اس رشتہ پر راضی ہو اور کوئی ناراض ہو تو ایسی صورت میں سب گھر والوں کو راضی کرنے کے لئے ذیل کا عمل بے حد فائدہ مند اور مفید ہے۔

اس مقصد کے لئے ہر روز نماز فجر کے بعد باوضو حالت میں قلبہ رو ہو کر بیٹھے کسی سے کوئی کلام نہ کرے اور نو سو مرتبہ درود پاک ماہی پڑھ کر اللہ تعالیٰ عزوجل سے اپنے مقصد کے حصول کے لئے دُعا مانگے۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم اس کی دُعا بارگاہ الٰہی میں قبولیت کا شرف حاصل کرے گی اور جس جگہ چاہتا ہے اس کی شادی ہو جائے گی۔

مشکل حاجت کے لئے

اگر کسی کی کوئی ایسی مشکل حاجت ہو جس کے پورا کرنے کی کوئی صورت دکھائی نہ دیتی ہو تو ایسے میں ذیل کا عمل بے حد فائدہ مند، مفید اور اکسیر ہے۔

اس مقصد کے لئے اُس کو چاہیئے کہ وہ درود پاک ماہی کا عمل اس طرح سے کرے کہ اول غسل کر کے اپنے جسم کو پاک کرے صاف ستھرے کپڑے پہنے، خوشبو لگائے۔

چاند کے مہینے کی پہلی اتوار کو یہ عمل کرے قبلہ رو ہو کر بیٹھے سب

سے پہلے گیارہ مرتبہ درود پاک ذیل پڑھے پھر تین بار سورہ بقرہ کی ذیل کی آیت مبارکہ پڑھے اس کے بعد:۔

☆ سورہ الکافرون (تین مرتبہ)

☆ سورہ الاخلاص (تین مرتبہ)

☆ سورہ الفلق (تین مرتبہ)

☆ سورہ الناس (تین مرتبہ)

پڑھے اتوار کے دن باوضو حالت میں اسی مرتبہ درود پاک ماہی پڑھے۔

اگلے روز سوموار کو باوضو حالت میں ستر مرتبہ درود پاک ماہی پڑھے۔

منگل کے روز باوضو حالت میں چھیاسٹھ مرتبہ درود پاک ماہی پڑھے۔

بدھ کے دن باوضو حالت میں اٹھاسی مرتبہ درود پاک ماہی پڑھے۔

جمعرات کے دن باوضو حالت میں اسی مرتبہ درود پاک ماہی پڑھے۔

ہفتہ کے دن باوضو حالت میں تیس مرتبہ درود پاک ماہی پڑھے۔

سات دن تک بلاناغہ درود پاک ماہی کو اسی ترتیب سے توجہ و

یکسوئی کے ساتھ پڑھے پھر گیارہ مرتبہ درود پاک ذیل پڑھے اور اللہ تعالیٰ عزوجل کی بارگاہ میں اپنی حاجت روائی کے لئے دُعا مانگے۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم سات یوم میں دلی حاجت پوری ہوجائے گی۔

درود پاک:۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ صَاحِبِ التَّاجِ وَالْمِعْرَاجِ وَالْبُرَاقِ وَالْعَلَمِ ○ دَافِعِ الْبَلَاءِ وَالْوَبَاءِ وَالْقَحْطِ وَالْمَرَضِ وَالْاَلَمِ ○ اِسْمُهٗ مَکْتُوْبٌ مَّرْفُوْعٌ مَّشْفُوْعٌ مَّنْقُوْشٌ فِی اللَّوْحِ وَالْقَلَمِ ○ سَیِّدِ الْعَرَبِ وَالْعَجَمِ ○ جِسْمُهٗ مُقَدَّسٌ مُّعَطَّرٌ مَّطَهَّرٌ مُّنَوَّرٌ فِی الْبَیْتِ وَالْحَرَمِ ○ شَمْسِ الضُّحٰی بَدْرِ الدُّجٰی صَدْرِ الْعُلٰی نُوْرِ الْهُدٰی کَهْفِ الْوَرٰی مِصْبَاحِ الظُّلَمِ ○ جَمِیْلِ الشِّیَمِ ○ شَفِیْعِ الْاُمَمِ ○ صَاحِبِ الْجُوْدِ وَالْکَرَمِ ○ وَاللّٰهُ عَاصِمُهٗ

وَجِبْرِیْلُ خَادِمُهٗ وَالْبُرَاقُ مَرْکَبُهٗ وَالْمِعْرَاجُ سَفَرُهٗ وَسِدْرَةُ الْمُنْتَهٰی مَقَامُهٗ وَقَابَ قَوْسَیْنِ مَطْلُوْبُهٗ وَالْمَطْلُوْبُ مَقْصُوْدُهٗ وَالْمَقْصُوْدُ مَوْجُوْدُهٗ ○ سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ خَاتَمِ النَّبِیِّیْنَ شَفِیْعِ الْمُذْنِبِیْنَ اَنِیْسِ الْغَرِیْبِیْنَ رَحْمَةٍ لِّلْعٰلَمِیْنَ رَاحَةِ الْعَاشِقِیْنَ مُرَادِ الْمُشْتَاقِیْنَ شَمْسِ الْعَارِفِیْنَ سِرَاجِ السَّالِکِیْنَ مِصْبَاحِ الْمُقَرَّبِیْنَ مُحِبِّ الْفُقَرَآءِ وَالْغُرَبَآءِ وَالْمَسَاکِیْنَ ○ سَیِّدِ الثَّقَلَیْنِ نَبِیِّ الْحَرَمَیْنِ اِمَامِ الْقِبْلَتَیْنِ وَسِیْلَتِنَا فِی الدَّارَیْنِ صَاحِبِ قَابَ قَوْسَیْنِ مَحْبُوْبِ رَبِّ الْمَشْرِقَیْنِ وَرَبِّ الْمَغْرِبَیْنِ جَدِّ الْحَسَنِ وَالْحُسَیْنِ مَوْلَانَا وَمَوْلَی الثَّقَلَیْنِ اَبِی الْقَاسِمِ مُحَمَّدِ ابْنِ عَبْدِ اللّٰهِ نُوْرٍ مِّنْ نُوْرِ اللّٰهِ ○ یٰاَیُّهَا الْمُشْتَاقُوْنَ بِنُوْرِ جَمَالِهٖ

صَلُّوْا عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَسَلِّمُوْ تَسْلِيْمًا
كَثِيْرًا كَثِيْرًا O

آیت مبارکہ:۔

اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ج اَلْحَيُّ الْقَيُّوْمُ ج ۵ لَا تَاْخُذُهٗ
سِنَةٌ وَّلَا نَوْمٌ ط لَهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي
الْاَرْضِ ط مَنْ ذَالَّذِيْ يَشْفَعُ عِنْدَهٗٓ اِلَّا بِاِذْنِهٖ ط
يَعْلَمُ مَابَيْنَ اَيْدِيْهِمْ وَمَا خَلْفَهُمْ ج وَلَا يُحِيْطُوْنَ
بِشَيْءٍ مِّنْ عِلْمِهٖٓ اِلَّا بِمَاشَآءَ ج وَسِعَ كُرْسِيُّهُ
السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ ج وَلَا يَئُوْدُهٗ حِفْظُهُمَا لا وَهُوَ
الْعَلِيُّ الْعَظِيْمُ O

ناگہانی مشکل سے نجات

